F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 17/05/2017

کلیم الدین احمد کی ڈکشنری پر از سر نو کام کرنے کی ضرورت: پروفیسر ارتضیٰ کریم

کلیم الدین احمد کی ڈکشنری ہمارے لیے تاریخی اور علمی اثاثہ ہے: ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ

کونسل کے صدر دفتر میں جامع انگریزی-اردو ڈکشنری میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی۔ 17 مئی۔ کلیم الدین احمد کی جامع انگریزی-اردو ڈکشنری ایک بسیط اور وسیع کام ہے۔ اردو زبان میں لغت سازی کے میدان میں اب تک جتنے کام ہوئے ہیں، ان میں سے اسے ایک معرکۃ الآرا کارنامہ کہا جاسکتا ہے۔ اس پروجیکٹ کا خاکہ 1975 میں تیار ہوا تھا، جب یہ ادارہ ترقی اردو بیورو کی شکل میں تھا۔ اس کی پہلی جلد سنہ 1994 میں شائع ہوئی اور بالترتیب اس کی اور پانچ جلدیں منظر عام پر آگئیں۔ یہ باتیں قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے صدر دفتر میں منعقد جائزہ میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے کہا کہ کلیم الدین احمد کی ڈکشنری پر از سر نو کام کرنے کی ضرورت تھی، تاکہ اس کی تکنیکی خامیوں کو درست کیا جاسکے۔ اس واسطے کونسل پچھلے سال سے ورکشاپ کی صورت میں ماہرین کی رائے لے رہی ہے اور اس حوالے سے اس میں بہت حد تک پیش رفت بھی ہوئی ہے۔ جائزہ میٹنگ کی صدارت ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ نے کی۔ انھوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ کلیم الدین احمد کی ڈکشنری ہمارے لیے تاریخی اور علمی اثاثہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسے محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔ اس کی روح سے چھیڑ چھاڑ ممکن نہیں۔ البتہ تکنیکی دقتوں کو نشان زد کر کے ماہرین کی رائے کی روشنی میں دور کیا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر تمام ماہرین نے ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ کی رائے سے اتفاق کیا۔

اس میٹنگ میں پروفیسر اے آر فتیحی، پروفیسر چندر شیکھر، پروفیسر گوبند پرشاد، پروفیسر آر گرگیش، پروفیسر غضنفر، ڈاکٹر حسین ماجد، ڈاکٹر عبدالرشید، ڈاکٹر تنویر حسین، دوست محمد نبی خان، وسیم احمد، محمد صہیب، محمد جاوید احمد کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، محترمہ شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر، اکیڈمک)، محترمہ شہناز اختر، محترمہ مسرت جہاں کے علاوہ ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)